ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (515)

24.09.2023

**بہاولپور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔ سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(516)

مورخہ24.09.2023

## بہاولپور (         ) ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو جرائم پیشہ افراد کے خلاف کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری، تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے غیر قانونی اسلحہ وایمونیشن سمگل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولیاں برآمد

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کو کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے بڑی کارروائی کی اورغیر قانونی طور پرناجائز اسلحہ وایمونیشن سمگل کرنے والے ملزم سلمان محمود جو کہ ضلع وہاڑی کا رہائشی ہے کو گرفتار کرلیا۔ملزم اسلحہ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے والا تھا جو کہ بعد میں منفی سرگرمیوں کیلئے استعمال کیا جانا تھا۔ملزم کے قبضہ سے بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ جس میں مختلف اقسام کے 16 پستول، 1 رائفل 44 بور اور ہزاروں گولیاں و کارتوس برآمد کر لیے ۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرز پر کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر قانونی اسلحہ سمگلنگ میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق سخت سزا دلوائی جائے گی ۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس ہر صورت شہریوں کی حفاظت کی ذمہ دار ہے اور احساس تحفظ کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر تھانہ سٹی حاصلپور پولیس کو شاباش دی ۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے غیر قانونی اسلحہ وایمونیشن سمگل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ وایمونیشن برآمد کرلیا